بعون عنایات ملک العلام وبتائید رسول انام
کہ این نسخہ المسمّی بہ
حجۃ الاسلام
۱۳۰۹
باہتمام جناب قاضی ابرہیم صاحب و نورالدین صاحب
در مطبع حیدری واقع بمبئی مطبوع طبائع جہانیان شد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والعاقبۃ للمتقین والصلوۃ والسلام علی رسولہ محمد وعلی الہ واصحابہ اجمعین اما بعد اسعدک اللہ تعالی فی الدارین جمیع انواع کے حمد ثابت ہین واسطے اللہ تعالی کے جو پالنے والا اور پرورش کرنیوالا تمام جہان کا اور عاقبت کی خوبیان تمام واسطے پرہیزگارونکے ہین اور درود اور سلام اوسکے حبیب حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ہوجیو جو بہتر اور برگزیدہ تمام مخلوق کے ہین اور رحمت خدا کی اُن کی آل کرام و اصحاب عظام پر ہوجیو تا روز

قیامت تک اور سلامتی بعد اسکے بوجہہ تو کہ نیکبخت کرے اللہ تعالی
تجھ کو دونون جہان ہین کہ یہہ رسالہ حجۃ الاسلام کا مع چند مسایل
دیگر معتبر کتابون سے باہر نکالے ہین سو تمام عالم پر بوجھنا اُس کا
فرض و لازم ہی **سوال** اگر کوئی پوچھے گا کہ تیرے وجود مین
کتنے امام ہین اور کتنے قبلہ اور کتنے محراب ہین **جواب** بول کہ پانچ
امام ہین اول امام تن ہی دوسرا امام جان ہی تیسرا امام دل ہی چوتھا
امام عقل ہی پانچوان امام فہم ہی **سوال** اگر کوئی پوچھے کہ تیرے
وجود مین کتنے قبلے ہین **جواب** بول کہ پانچ قبلے ہین اول قبلہ
محراب ہی دوسرا قبلہ کعبہ ہی تیسرا قبلہ بیت المعمور ہی چوتھا قبلہ عرش
ہی پانچوان قبلہ کرسی ہی یہہ مسئلہ ہر مسلمان کو معلوم ہونا اور
طالبون کو کہ تن اندر محراب ہی اور جیو اندر کعبہ ہی اور عقل اندر عرش
ہی اور فہم اندر کرسی ہی اور دل اندر بیت المعمور ہی اگر کوئی پوچھے
کہ امامت کرنی کتنے شخصون کی مکروہ ہی **جواب** بول کہ دس شخصونکی

مکروہ ہی اول حرام کھانیوالا اور دوسرا حرام کرنیوالا تیسرا قرأت غلط پڑھنے والا چوتھا بازار کا بیٹھنے والا پانچوان غلامی کرنیوالا چھٹا دہقانی ساتوان لنگڑا آٹھوان کوڑھی نوان اعمی دسوان منافق اگر یہ سب امامت کرین تو مکروہ ہوتی ہی دوسری اسبات مین پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہی کہ جو کوئی کہ یہہ پانچ مسئلہ امامت کے نہین جانتا اسکو امامت کرنا جایز نہین ہی مکروہ ہی

سوال اگر کوئی پوچھے کہ تم امام ہمارے ہو اور تمھارا امام کون ہی

جواب بول کہ مین امام تمھارا ہون اور امام میرا قرآن ہی

سوال اگر کوئی پوچھے کہ ہمنے اقتدا تمھاری کی اور تمھاری اقتدا کس کے پیچھے ہی جواب بول کہ تمنے اقتدا کی ہماری اور ہمنے اقتدا کی اگلے امام کی یعنے پیغمبر محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کی سوال اگر کوئی پوچھے کہ نماز ہماری تمھاری سے درست ہی اور نماز تمھاری کس سے درست ہی جواب بول کہ

نماز تمھاری ہمارے لیے درست ہی اور نماز میری علم شریعت سے
درست ہی **سوال** اگر کوئی پوچھے کہ نماز ہمنے تمھارے لیے
کری اور تمھاری نماز کن سے کیا **جواب** بول کہ نماز میری قرآن
سے کی اور ہمارا تمھارا قبلہ ایک ہی **سوال** اگر کوئی پوچھیگا
کہ تیری وجود مین نماز کن نے پڑھی اور تکبیر ور قرأت کسنے پڑھی
اور کس نے کہی **جواب** بول کہ دل میرا نماز پڑھا اور تن میرا تکبیر بولا
اور فہم میرا قرأت پڑھا اور روح نے میرے رکوع اور سجدہ کیا اور عقل نے
میری سلام پھیرا یا اگر کوئی یہ خبر نہین جانتا ہی تو امامت اسکی
درست نہین **سوال** اگر کوئی پوچھے گا کہ تیرے وجود مین مسجد اور
محراب اور منبر اور چراغ کسے بولتے ہین **جواب** بول پیشانی میری
مسجد ہی اور سینہ میرا محراب ہی اور سر میرا منبر ہی اور یہ آنکھیں
میری چراغ ہین **سوال** اگر کوئی پوچھے کہ تن مین کونسی جائے
مصحف ہی اور کونسی جائے مسافر ہی اور کونسی جائے مسلمان ہی

اور کونسی جائے مومن ہی اور کونسی جائے کافر ہی **جواب**
بول کہ سر میرا مصحف ہی اور زبان میری مسلمان ہی اور دل
میرا مومن ہی اور پانون میرے مسافر این اور نفس میرا کافر ہی **مسئلہ**
مسلمان پر لازم ہی کہ یاد رکھے تو دونون جہان مین نیکی پاوے گا
سوال اگر کوئی پوچھے کہ سر قرآن کا کیا ہی اور تاج قرآن کا
کیا ہی اور دل قرآن کا اور عرش قرآن کا اور چراغ قرآن کا کیا ہی
اور جی قرآن کا اور وقف قرآن کا اور مان قرآن اور یار قرآن
کا کیا ہی **جواب** بول کہ سر قرآن کا بسم اللہ ہی
اور جی قرآن کا ادب ہی اور عرش قرآن کا سورۃ البقر اور چراغ
قرآن کا سورۃ الملک ہی اور تاج قرآن کا سورۃ الرحمان ہی
اور دل قرآن کا سورۃ یٰسین ہی اور وقف قرآن کا تشدید
ہی اور مان قرآن کی سورہ الحمد ہی اور یار قرآن کا آیۃ الکرسی
ہی یہہ خبر عالمون سے ہی اگر کوئی یہہ خبر نہ جانے تو

اسکو قرآن پڑھنا درست نہین ہی **سوال** اگر کوئی پوچھیگا کہ تن مین
کس جگہ مسجد ہی اور کس جگہ گوہر ہی اور کس جگہ مومن ہی اور
کس جگہ کافر ہی اور کس جگہ ماٹی اور کس جگہ پانی ہی اور کسجگہ
آگ ہی **جواب** بول پیشانی میری مسجد ہی اور آنکھین میری
گوہر ہین اور ہڈی میری دانت ہی اور زبان میری گوشت اور
دل میرا مومن ہی اور تن میرا خاک اور جی میرا پانی اور بھوک میری
آگ ہی اور نفس میرا کافر اور قدم میرے مسافر ہین اگر کوئی یہ خبر
نہین جانتا تو شادی اسکی درست نہین ہی وہ حیوان مطلق ہی
سوال اگر کوئی پوچھے کہ تیرے وجود مین کتنے پادشاہ
ہین اور کتنے وزیر **جواب** بول کہ تین بادشاہ ہین اور تین
وزیر اول بادشاہ روح اور وزیر اوسکا عقل ہی پس عقل کہتی
ہی کہ ای بادشاہ نیکی کر اور بدی مت کر اگر نیکی کرے گا
تو دیدار اللہ تعالے جل شانہ کا پاوے گا اور شفاعت

حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کی ہوگی اور اگر بدی کریگا
تو دوزخ کے عذاب مین گرفتار ہوگا اور دوسرا بادشاہ نفس ہی
اور وزیر اوسکا شیطان ہی پس شیطان یہہ کہتا ہی کہ ای بادشاہ
جو کچھہ ہی سو دنیا ہی مین ہی کھانا پینا اور سونا اور مزیداریان
اور بہشت اور دوزخ کس نے دیکھا ہی اور قبر اور قیامت کو
کس نے دیکھا ہی کہ وہان کیا ہوویگا تیسرا بادشاہ دل
ہی اور وزیر اوسکا زبان ہی پس زبان کہتی ہی کہ ای بادشاہ
جو کچھہ کہ تو کرتا ہی اوسمین مین تیرے تابع ہون یعنے جو کچھہ کہ
دل مین آتا ہی وہی زبان سے نکلتا ہی پس حضرت محمد مصطفےٰ
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر یک انسان مین سات خصلت ہونا
خوب ہی اوّل عورت کو شرم ہونا اور دوسرا دوست کو
محبت ہونا تیسرا عالم کو عمل ہونا چوتھا تونگر کو سخاوت ہونا
پانچوان بادشاہ کو عدل ہونا چھٹا فقیرون کو صبر ہونا ساتوان

جوان کو توبہ ہونا سوال کون سے کونسے ہین جواب کہ اول
عورتان کو شرم نہین تو ایسا ہی کہ بیل کو پھل نہین دوسرا اگر دوست
مین محبت نہین تو جیسا کہ کان ہی چلہ اسمین نہین تیسرا عالم ہی
اسمین عمل نہین تو جیسا کہ جھاڑ ہی اسمین پھل نہین چوتھا
تونگر ہی اسمین سخاوت نہین تو جیسا کہ باوڑی ہی اسمین پانی
نہین پانچوان پادشاہ ہی اور اسمین عدل نہین تو جیسا کہ بادل
ہی اور اس مین برسات نہین چھٹا فقیر ہی اور اس مین صبر نہین
تو جیسا سیپ مین موتی نہین ساتوان جوان ہی اور اوس مین توبہ
نہین تو جیسا کہ جسم ہی اور اس مین جان نہین سوال اگر کوئی پوچھے
کہ فرض اسلام کے کیا ہین جواب بول اول توبہ کرنا دوسرا تسلیم
کرنا تیسرا عبادت کرنا چوتھا پرہیز کرنا پانچوان قناعت کرنا چھٹا معرفت دل کا قرب
ہونا اگر کوئی یہ نہین جانتا تو یہودی اور نصرانی ہی وہ مسلمان نہین
ہی سوال اگر کوئی پوچھے کہ احکام اسلام کے کتنے ہین

جواب چھ ہین اول معرفت کے سوئی کو معلوم کرنا دوسرا
سخاوت کرنا تیسرا صادق الیقین ہونا چوتھا تقدیر ثابت ہونا
پانچوان توکل کرنا چھٹا دنیا سے منھ پھرانا اگر کوئی مسلمان یہ
احکام نہ جانے تو شاہدی اسکی درست نہین ہوتی سوال
اگر کوئی پوچھے ارکان اسلام کے کتنے ہین جواب بول چھ ہین
اول پیٹ مین علم ہونا دوسرا دنیا کو ترک کرنا تیسرا ہر ایک مصیبت کے
صبر کرنا چوتھا ہر ایک نعمت کا شکر کرنا پانچوان خوف خدا کا
ہونا چھٹا ذکر کا شوق رکھنا سوال اگر کوئی پوچھے کہ اصل کام حق کی
طرف کے کتنے ہین جواب بول چھ ہین اول حیا ہونا دوسرا
حق تعالی کا خوف ہونا تیسرا ترک دنیا کا کرنا چوتھا ذکر خدا کا
کرنا پانچوان خدا کی قدرت صادق الیقین کر جاننا چھٹا ڈر اور امید کے
درمیان ثابت رہنا اور اسکی رحمت کے امید وار رہنا اور اسکے
عذاب کا خوف رکھنا اور جو کوئی احکام اور ارکان شریعت کے

بجانے تو فقیری اور پیرزادگی اور شریعت کا حکم کرنا اور ہر ایک مقام کا
دعوی کرنا بھی درست نہیں ہی **سوال** اگر کوئی پوچھے کہ مہمانی
ہین کھانا کھانیکو جانیکے وقت کیا پڑھنا **جواب** بول یہہ
پڑھنا بسم اللہ الرحمن الرحیم رَبَّنَا أَنْزِلْ عَلَيْنَا مَائِدَةً مِّنَ السَّمَاءِ
تَكُونُ لَنَا عِيدًا لِّأَوَّلِنَا وَآخِرِنَا وَآيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَأَنْتَ خَيْرُ
الرَّازِقِينَ **سوال** اگر کوئی پوچھے کہ مہمانی کھانیکے بعد کیا پڑھنا
جواب بول یہہ پڑھنا إِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللَّهِ لَا نُرِيدُ مِنْكُمْ
جَزَاءً وَلَا شُكُورًا جو کوئی اتنا نہین بوجھتا تو اوسے کسی کے گھر کو جانا
درست نہین اور ایسے مسلمان کو بلانا درست نہین **سوال** اگر کوئی پوچھے
کہ تو مسلمان ہی **جواب** بول الحمد للہ **سوال** اگر کوئی پوچھے کہ الحمد
للہ کی کیا معنی ہی **جواب** بول کہ سب تعریف اور شکر کرنا
اللہ تعالی کا کہ بیچون اور بیچگون اور بے مثل اور بے نمون ہی
سوال اگر کوئی پوچھے کہ تیری مسلمانی مین شک ہی **جواب**

بول کہ ہم شاہدی کلمہ کو رکھتے ہین یعنے اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ
سوال اگر کوئی پوچھے کہ الحمد للہ قرآن مین ہی تو کس مین ہی
جواب بول کہ ہم نبی کے کلمہ مین ہین اور کلمہ ہم مین ہی سوال
اگر کوئی پوچھے کہ کلمہ کس مین ہی جواب بول کہ کلمہ کیلی مین اور کیلی کس مین
ہی جواب دے کہ کیلی جسم مین ہی سوال اگر کوئی پوچھے
کہ تن کا وزیر کون ہی جواب تن کا وزیر زبان ہی سوال
اگر کوئی پوچھے کہ زبان کا مرشد کون ہی جواب بول کہ زبان کا
مرشد لب ہی سوال اگر کوئی پوچھے کہ نیچکا لب کیا کہتا ہی
اور اوپر کا ہونٹ کیا کہتا ہی جواب بول نیچکا لب لآ اِلٰہ اِلّا اللہ
کہتا ہی اور اوپر کا محمد رسول اللہ سوال اگر کوئی پوچھے
کہ تو بندہ کس کا ہی جواب بول کہ مین بندہ اللہ کا ہون
اور امت حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہون اور صدیت

حضرت آدم علیہ السلام کی ہون اور ملت ابراہیم خلیل اللہ کی ہون
اور مذہب امام اعظم نعمان بن ثابت رحمۃ اللہ علیہ کا رکھتا ہون
سوال اگر کوئی پوچھے کہ تو مسلمان کس روز سے ہوا ہے جواب
بول کہ روز میثاق سے سوال اگر کوئی پوچھے کہ روز میثاق کسکو
کہتے ہین جواب بول کہ وعدہ کو کہتے ہین سوال اگر کوئی
پوچھے کہ وعدہ کسکو کہتے ہین جواب بول کہ اللہ تعالی
نے سب ارواحون کو پیدا کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نور
سے اور حضرت آدم کی پشت سے پس عقل اور فہم دیا اربع
عناصر کو سب پر ظاہر کیا اور کہا اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ آیا نہین ہون
مین پروردگار تمہارا تمام ارواحون نے جواب دیا قَالُوا بَلٰی یعنے
تحقیق ہے تو پروردگار ہمارا سوال اگر کوئی پوچھے کہ اللہ تعالی نے
عہد کے دن کتنی صفین کی تھین وہ کون کون صف کیا کیا کام کی ہے
جواب بول کہ جب حکم سجدہ کا ہوا پہلی دوسری صف نے

سجدے کئے اور تیسری چوتھی نے نہ کیا حکم ہوا جو سجدہ نہ کئے
وہ میری درگاہ سے دور ہین اور جو سجدہ کے نزدیک صف ایک
سجدہ اور تکبیر بہ کا کی دوسری نہ کی تیسری جو پہلی نہ کی تھی
دوسرے بار مارے خوف کے کی چوتھی اول وآخر نہ کی پہلی صف
کے لوگ پیغمبر اور اولیا نیک و نیکان خاصان خدا ہین مسلمان پیدا
ہونگے اور باایمان مرینگے اور دوسری صف کے لوگ مسلمان
پیدا ہونگے شرک اور کفر فسق و فجور کر کے آخر بے ایمان مرینگے
تیسری صف کے لوگ کہ پہلے سجدہ نہ کئے اور آخر سجدہ کئے
تھے کا فر پیدا ہوتے ہین آخر مسلمان ہو کر مرتے ہین اور چوتھی
صف کے لوگ اول وآخر سجدہ نہ کئے سو کافر ہی پیدا ہوتے
ہین اور کافر ہی مرتے ہین اور دوزخی ہوتے ہین اس بات کو
سمجھکر جو عمل نیک نہ کرے گا وہ منافق ہوگا سوال اگر کوئی
پوچھے کہ تم کھاتے سو اور تمھاری سوچھ کیا کھاتی ہین جواب

بول کہ ہم کھانا کھاتے ہین اور ہماری موچھین یون کھاتی ہین
سوال اگر کوئی پوچھے کہ تم کسکے ساتھ کھاتے ہو اور کسکے
ساتھ سوتے ہو جواب بول کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم کے ساتھ
کھاتا ہون اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کلمے کے ساتھ سوتا ہون یعنے
لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ سوال اگر کوئی پوچھے کہ کھانے کے
فرض کتنے ہین جواب بول کہ تین ہین اول حلال کھانا دوسرا اللہ کہلانا تیسرا
عمر اپنی اوپر بندگی اللہ تعالیٰ کے خرچ کرنا جو یہہ تین فرض نجانے تو اوسکا
کھانا حرام ہی سوال اگر کوئی پوچھے کہ ہندو اور مسلمان مین
کیا فرق ہی جواب بول پانچ باتون کا فرق ہی کہ مسلمان
کلمہ پڑھتا ہی اور نماز کرتا ہی اور روزہ رکھتا ہی اور زکوۃ
دیتا ہی اور حج کرتا ہی ان پانچون باتون سے مسلمان ہوتا ہی
سوال اگر کوئی پوچھے کہ تم دنیا مین کیا لائے اور پیچھون کیا
لے بیٹھے اور کیا بول کر کھانا کھائے اور تم

کیسے مسلمان ہو جواب بول کہ سلام علیک لیکر دنیا مین آئے
اور علیکم السلام لیے پنچون مین بیٹھے اور بسم اللہ بول کر کھانا
کھائے اور نبی کے کلمہ سے مسلمان ہوئے سوال اگر کوئی پوچھے
کہ نبی صاحب کے کتنے مکان ہین جواب بول کہ سات
مکان ہین اول ستاریکا دوسرا مکان دادا آدم کی پیٹھ کا تیسرا
مکان باوا عبداللہ کی صلب کا چوتھا مکان ماں آمنہ کی پیٹ کا
پانچوان مکان بہشت کا چھٹا مکان دریا کی سیپ کی موتی مین
ساتوان مکان ہر ایک مسلمان کے دل مین کا سوال اگر کوئی
پوچھے کہ ایمان کے کتنے فرض ہین جواب بول دو فرض ہین
اول زبان سے سچ بولنا اور دل مین سچ کر جاننا اور خوف خدا کا
کرنا سوال اگر کوئی پوچھے کہ ایمان کتنی بھانت ہی جواب
بول کہ دو بھانت ہی اول ایمان مجمل اور دوسرا مفصل سوال
اگر کوئی پوچھے کہ ایمان کہان رہتا ہی جواب بول کہ ڈر اور امید کے

درمیان رہتا ہی سوال اگر کوئی پوچھے کہ دعا قنوت جو کوئی
نہین جانتا تو وہ مسلمان کیسا ہی جواب بول کہ اسکا نکاح
درست نہین ہی سوال اگر کوئی پوچھے کہ امام محمد غزالی نے
فرمایا کہ عورت کا حیض کتنے رنگ کا ہی جواب بول کہ چھے
رنگ کا ہی اول رنگ لال ہی دوم رنگ سبز سیوم رنگ زرد
ہی چہارم رنگ بادی پنجم رنگ مٹی کا چھٹا رنگ آخر کو سفید ہوتا ہی
سوال اگر کوئی پوچھے کہ پانچوقت کی نماز ترک کرنے سے کیا
ہوتا ہی جواب بول کہ فجر کی نماز ترک کرنے سے ایمان بیزار
ہوتا ہی اور ظہر کی نماز ترک کرنے سے پیغمبران بیزار ہوتے ہین
اور نماز عصر کی ترک کرنے سے فرشتے بیزار ہوتے ہین اور مغرب کی
نماز ترک کرنے سے قرآن شریف بیزار ہوتا ہی اور نماز عشا کی
ترک کرنے سے خدا تعالی بیزار ہوتا ہی نعوذ باللہ منہا :
سوال اگر کوئی پوچھے کہ تجھ کو کس نے مسلمان کیا جواب

بول کہ نبی کے کلمہ نے مسلمان کیا اور کلمہ کو کس نے مسلمان کیا
بول قلم نے کیا اور قلم کو کس نے مسلمان کیا بول کارو نے کیا
اور کارو کو کس نے مسلمان کیا بول آتش نے کیا اور آتش کو کس نے
مسلمان کیا بول آب نے کیا اور آب کو کس نے مسلمان کیا بول
ہوا نے کیا اور ہوا کو کس نے مسلمان کیا بول خاک نے کیا
اور خاک کو کس نے مسلمان کیا بول حضرت جبرئیل علیہ السلام نے کیا
اور جبرئیل کو کس نے مسلمان کیا بول حضرت اسرافیلؑ نے کیا اور
حضرت اسرافیل کو کس نے مسلمان کیا بول حضرت میکائیلؑ نے کیا
اور حضرت میکائیل کو کس نے مسلمان کیا بول عزرائیل نے اور
عزرائیل کو کس نے مسلمان کیا بول قلم نے اور قلم کو کس نے
مسلمان کیا بول لوح محفوظ نے کیا اور لوح کو کس نے مسلمان کیا بول
تخت رب العالمین نے اور تخت رب العالمین کے تئیں کس نے مسلمان کیا
بول اللہ تعالیٰ نے کیا جیسا کہ قرآن مجید میں خبر دیا ہی

اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰہِ الْاِسْلَامُ مرجان تو ایمان اور اسلام کیا ہی
اور ہر ایک کو آپ سے آپ نہین پاتا بلکہ دوسرے کے بتانے سے
پاتا ہی اگر کوئی اسکی خبر نہین جانتا تو اوسکے ہاتھ کا ذبح درست
نہین اور نکاح بھی اور عبادت بھی اسکی فاسد ہی سوال اگر
کوئی پوچھے کہ کئی مذہب ہین جواب بول چار ہین اول مذہب
امام اعظم ابو حنیفہ کوفی بن نعمان بن ثابت رحمۃ اللہ علیہ کا
دوسرا مذہب امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا تیسرا مذہب امام مالک
رحمۃ اللہ علیہ کا چوتھا مذہب امام احمد حنبل رحمۃ اللہ علیہ کا سوال
اگر کوئی پوچھے کہ یہہ چار مذہب برحق ہین یا نہین جواب
بول برحق ہین سوال اگر کوئی پوچھے کہ تو کسکے مذہب مین
ہی جواب بول امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے مذہب مین ہون
سوال اگر کوئی پوچھے کہ امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کس کے مذہب مین تھے
جواب بول استاد امام حماد رحمۃ اللہ علیہ کے مذہب مین سوال امام

سوال حماد کس کے مذہب میں جواب امام علقمہ کے مذہب میں سوال امام علقمہ کسکے مذہب میں جواب امام ابراهیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ کے مذہب میں سوال امام ابراهیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ کس کے مذہب میں جواب عبداللہ بن مسعود کے مذہب میں سوال عبداللہ بن مسعود کسکے مذہب میں جواب حضرت سرورعالم جناب محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کے مذہب میں سوال حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کسکے مذہب میں جواب مہتر ابراہیم خلیل اللہ کے مذہب میں سوال حضرت ابراہیم خلیل اللہ کسکے مذہب میں جواب حضرت نوح ؑ کے سوال حضرت نوح کسکے مذہب میں جواب حضرت ادریسؑ کے مذہب میں سوال حضرت ادریس کس کے مذہب میں جواب حضرت شیث کے مذہب میں سوال حضرت شیث ؑ کسکے مذہب میں جواب حضرت آدم صفی اللہ علیہ الصلوۃ والسلام کے مذہب میں سوال حضرت آدم صفی اللہ کسکے مذہب

مذہب مین جواب حضرت جبرئیل ع کے مذہب مین سوال حضرت جبرئیل کس کے مذہب مین جواب میکائیل ع کے مذہب مین سوال حضرت میکائیل کس کے مذہب مین جواب حضرت اسرافیل کے مذہب مین سوال حضرت اسرافیل ع کس کے مذہب مین جواب حضرت عزرائیل ع کے مذہب مین سوال حضرت عزرائیل کس کے مذہب مین جواب عزرائیل ع لوح محفوظ کے مذہب مین سوال لوح محفوظ کس کے مذہب مین جواب قلم کے مذہب مین سوال قلم کس کے مذہب مین جواب تخت رب العالمین کے

اور یہ دعا زن ملاقات حضرت جبرئیل نے حضرت آدم کو لادی اور کہا کہ خلوت مین اپنی بی بی کے وقت ملاقات کے یہہ دعا پڑھو کہ اسکی برکت سے آل واولاد نیک ہونگے وگرنہ بد وہ دعائے مذکور یہہ ہے

نَوَيْتُ اَنْ اُجَامِعَ الْاِمْرَاَةَ الْمَنْكُوْحَةَ حَلَالًا لَا تَجْتَنِبُ الشَّرِيْعَةَ اَوْ اِمْرَاَةً لِلطَّلَبِ الْمَوْلُوْدِ وَبَرَكَةً فِي الْاَوْلَادِ اَللّٰهُمَّ

اَعطِنَا اَولاَداً صَالِحًا وَاَعِذنَا مِنَ الشَّیَاطِینَ الاَعدَاءِ الْقَدِیمِ اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطَانِ الرَّجِیمِ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

سوال اگر کوئی پوچھے کہ کہان سے تمھارا آنا اور کہان تمھارا ٹھانا اور کون تمھارا آشنا اور کیا تمھارا نام **جواب** بول کہ عرش سے ہمارا آنا اور کرسی ہمارا ٹھانا اور گور ہمارا آشنا اور خاک ہمارا نام **سوال** اگر کوئی پوچھے کہ کہان سے آئے اور کہان جاوگے **جواب** بول کہ آدم پور سے آئے ہین اور رسول پور کو جاینگے **سوال** اگر کوئی پوچھے کہ انگلیون کا کیا نام ہے **جواب** بول کہ پنجہ اللہ کا ہے اور ایک انت دوسری جنت تیسری سنت چوتھی شہادت پانچوین فرض ہے جو کوئی پنجہ کی حقیقت نہ جانے تو دوسریکا پنجہ پکڑنا منع ہے اور دوسرے کو ہاتھ دینا درست نہین اور حضرتؐ نے بلالؓ کو فرمایا کہ بانگ کہو بلال نے بانگ کہی یعنے حضرت معراج کو گئے وہان بلال نے نماز

بانگ کہی اور وہان جبرئیلؑ امام تھے پیغمبرؐ نے دو رکعت نماز ادا کی
اول رکعت میں بعد سورہ الحمد کے الم ترکیف پڑھا اور دوسری
رکعت میں لئیلاف اور تمام نماز کا ثواب امت کے حق مین بخشا
سوال اگر کوئی پوچھے مصلی تیرا کون سا اور ایمان تمھارا
کیا اور کس نے تم کو راہ بتائی اور کس سے تم مسلمان ہوئے
اور کس سے تم مسلمانی پائی جواب بول کہ تن میرا مصلی ہے
اور دل میرا مسلمان اور قرآن ہمارا ایمان اور لا الہ الا اللہ نے راہ
بتائی اور محمدؐ رسول اللہ سے مسلمانی پائی سوال
اگر کوئی پوچھے کہ احد تو معبود ہے کجا بود بدبستا و تم
کہان سے آئے جواب بول زبان روح قلم
سیاہی مین آئی اور عدل شرع مین آئی سوال اگر
کوئی پوچھے کہ مان کا نام کیا اور باپ کا نام کیا ہے اور تیرا
نام کیا ہے جواب بول کہ باپ کا نام نکاح ہے اور

مان کا نام شریعت ہی اور میرا نام زبان ہی **سوال** اگر کوئی
پوچھے زبان کی آیت کیا ہی **جواب** بول کہ یہہ ہی حتی الیکم
تحت لسانی شریعت را بگو **سوال** اگر تجھسے پوچھے کہ ایمان
لانا فرض ہی یا سنت **جواب** بول بار اول فرض
ہی اور تکرار اسکی سنت ہی **سوال** اگر کوئی پوچھے کہ
ایمان کیا ہی اور کیا ہی **جواب** کہ مانند نور کے ہی کہ جب
دل میں بندہ کے آتا ہی بفضل و کرم حق سبحانہ تعالیٰ کے پس پہچانتا ہی ساتھ
اس نور کے اپنے رب کو کہ بیمثیل اور بے نمونہ ہی **سوال** اگر کوئی پوچھے
کہ جب بندہ مومن مرتا ہی تو جان اسکی آسمان پر لیجاتے ہیں اور تن
اس کا قبر میں پس ایمان اُس کا کہاں رہتا ہی **جواب** بول
کہ ایمان کو آمد و رفت نہیں ہی کیونکہ ایمان فعل بندہ کا
ہی جب جان اسکی آسمان پر گئی اور تن گور میں اسی صفت
سے اسکو مومن کہتے ہیں اور صفت موصوف سے جدا نہیں

ہوتی **سوال** جب آدمی مرتا ہی تب کلمہ طیب برابر روح کے جاتا ہی یا تن کے **جواب** بول کہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ برابر روح کے رہتا ہی اور محمد رسول اللہ برابر تن کے اور کلمہ طیب یہہ ہی لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ یعنے نہیں ہی غیر خدا کے موجود اور معبود حق اور محمد رسول اللہ کے ہین اور بندے خدا کے اور بہیجے گئے ساتھ رسالت

تمام شد کتاب نسخہ حجۃ الاسلام

یہہ چند مسایل متفرقات معتبر کتاب عقاید سے انتخاب کر کے اس کتاب مین داخل کیے ہین کہ طالبان مومنین کو ادسے فایدہ حاصل ہووے اور شرک و بدعت و گمراہی سے نجات پاوین **سوال** سب پیغمبرون مین افضل کون ہی **جواب** حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کہ جو سردار اور خاتم سب پیغمبرونکے

ہین سوال حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی
پیغمبر ہوویگا جواب نہین ہوویگا یہ تمامی سب پیغمبرون کے
ہین ان کا دین قیامت تک رہیگا سوال ملایک کیا ہین
جواب اُن کو فرشتہ کہتے ہین بندہ اللہ کے ہین نور سے
پیدا اسکے حکم پر چلتے ہین کم اور زیادتی نہین کرتے سوال
فرشتہ نر ہین کہ مادہ جواب نر اور مادہ ہونے کی
اُن مین صفت نہین ہے جیسے روشنی سوال
اللہ نے کتابین اتاری ہین یا نہین جواب پیغمبرون پر
کتابین اُتاری ہین اور اُن مین اپنا امر و نہی و عدہ اور وعید
بیان کیا سوال معراج آنحضرت کا ثابت ہے حق ہا یا
نہین جواب ثابت ہی جاگتے مین اسی بدن کے
ساتھ آسمان پر گئے اور وہان سے جہانتک خدا نے چاہا
گئے سوال کرامات اولیا کی حق ہی یا نہین جواب

حق ہی سوال کرامات اولیا سے کیا فایدہ جواب ولی کی
کرامات معجزہ پیغمبر کا ہی کہ اُس کی ادنیٰ امت سے یہہ
بات ہوئی اُس میں لوگ ہدایت پاویں سوال بعد
پیغمبر کے سب آدمیوں میں افضل اور بزرگ کون ہی جواب
حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ جو حضرت پیغمبر کے سُسرے
ہوئے تھے سوال ابوبکر رض کے بعد کون افضل ہی جواب
عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو حضرت پیغمبرؐ کے سُسرے
اور حضرت فاطمہ رض کے داماد بھی ہیں سول بعد فاروق
کے کون افضل ہی جواب حضرت عثمان ذی النورین
رضی اللہ تعالیٰ عنہ جن سے دو لڑکیاں پیغمبر خدا کی بیاہی تھیں
ایک بعد ایک کے سوال بعد عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے
کون افضل ہی جواب حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ جو پیغمبرؐ
کے چچیرے بھائی اور داماد بھی یعنے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا

کے شوہر تھے **سوال** اور خلافت بعد پیغمبر صلعم کے کس طرح پائی گئی **جواب** پہلے ابو بکر رضہ پھر عمر رضہ پھر عثمان رضہ پھر علی رضہ **سوال** خلافت سے کیا مراد ہی **جواب** جانشینی پیغمبر کی مراد ہی جسمین کچھہ خلاف پیغمبر اور نئی بات اور ظلم نہ ہو **سوال** اسطرح خلافت کیئے برس رہے بعد پیغمبر کے **جواب** تیس برس آخر سب کے حضرت علی رضی اللہ عنہ ہوئے اُنہین پر خلافت ختم ہوئی **سوال** امامت کے کیا معنے **جواب** ریاست مسلمانون کے احکام شریعت اور اقامت حدود اور برپا کرنا لشکر مسلمانون کا اور لینا صدقات کا اور قایم کرنا جمعہ اور جماعات اور فیصلہ معاملات اور قسمت غنایم اور نکاح کردینا بے وارثون کا اوسکے سبب سے ہوسکے **سوال** امام کیونکر ہوسکتا ہی **جواب** جسکو نیک مسلمانون نے مل کر امام کیا سو امام ہوا اور جو اس سے

لڑا سو باغی کہلایا **سوال** امام کیسا چاہیئے **جواب** امام ایسا چاہیئے کہ ظاہر چھپا نہو انتظار اسکے نہ کرتا ہو اور قریش کی قوم سے ہو کچھ بنی ہاشم ضرور نہین اور مسلمان حر ہو کسی کا غلام نہ ہو عاقل ہو بالغ ہو مسلمانون کے کام مین اپنی قوت راے سے تصرف کرسکے اور حکم جاری کرنے اور حدود اسلام کی نگاہ رکھنے اور مظلوم کے انصاف دینے پر قدرت رکھتا ہو **سوال** امام کو معصوم ہونا شرط ہی **جواب** شرط نہین ہی **سوال** عصمت کے کیا معنی ہین **جواب** یہ کہ اللہ بندے مین گناہ پیدا نہ کرے اور قدرت اور اختیار بندے مین ہوئے **سوال** امام اپنے زمانیوالون مین افضل چاہیئے **جواب** کچھ افضل ہونا اہل زمانہ سے ضرور نہین ہی **سوال** امام فاسق ہو تو امامت سے نکل جاتا ہی یا نہین **جواب** امامت سے نکل نہین

جاتا مگر مستحق عزل ہی **سوال** ہر نیک و بد کے پیچھے نماز درست
ہی یا مشتقی شرط ہی **جواب** ہر نیک و بد کے پیچھے
نماز درست ہی **سوال** ہر نیک و بد پر نماز جنازہ درست
ہی یا نہین **جواب** ہر نیک و بد پر نماز جنازہ درست
ہی **سوال** صحابہ رسول کی بُرائیون کا ذکر کیسا ہی **جواب**
اصحابہ کا ذکر سوائے خیر کے نچاہیئے وہ صحبت مین تھے رسول
مقبولؐ کے اُن کا ذکر نیک کر **سوال** اصحابون مین جو
آپس مین جھگڑے کی باتین ہوئین اس قصہ کا دیکھنا درست
ہی یا نہین **جواب** نہین درست ہی **سوال** کسکے جنتی ہونیکی گواہی
یقیناً دینا چاہیئے **جواب** اُن کو یقیناً جنتی کہنا درست ہی
جنکا نام پیغمبر نے لیکر جنتی فرمایا جیسے دس یار بہشتی چار خلیفہ
سعد اور سعید ابو عبیدہ اور طلحہ اور زبیر اور عبد الرحمٰن
رضی اللہ عنہم اور جیسے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا اور امام

حسن رضی اللہ عنہ اور امام حسین رضی اللہ عنہ **سوال** مسح
موزہ پر درست ہے یا نہین **جواب** حضر اور سفر مین موزہ پر
مسح درست ہے **سوال** کوئی ولی نبی کے درجے کو پہنچ
سکتا ہے یا نہین ہے **جواب** نہین پہنچ سکتا ہے کوئی
ولی نبی کے درجے کو **سوال** آدمی اس مرتبہ کو پہنچتا بھی ہے
کہ نماز اور روزہ امر و نہی اُس پر سے ساقط ہو جاوے **جواب**
کوئی نہین پہنچ سکتا پیغمبر سے زیادہ کوئی نہین مرتبے ہین اور
نہ پہنچے اور کون دوسرا پہنچے **سوال** قرآن اور حدیث کے
یہی معنی ظاہر ہین جب سمجھے جاتے ہین یا کچھ اور مراد ہے **جواب**
یہی معنی ظاہر مراد ہے **سوال** معنی ظاہر قرآن اور حدیث
چھوڑ کر حرف باطنی سمجھنا کیسا ہے **جواب** الحاد
اور کفر ہے **سوال** اور رد کرنا آیتون اور حدیثون کا
کیسا ہے **جواب** کفر ہے **سوال** گناہ کو حلال جاننا اور

نیک سمجھنا کیسا ہے جواب کفر ہے سوال ہنسنا
شریعت پر کیسا ہے جواب کفر ہے سوال نڈر ہونا اللہ سے
کیسا ہے جواب کفر ہے سوال ناامید ہونا اللہ سے کیسی ہے جواب کفر ہے

تمت تمام شد

بعون عنایات ملک العلام کہ کتاب ہدایت انتساب حجۃ الاسلام
بتصحیح جناب فیضمآب مولوی نور محمد صاحب باہتمام بندہ رب
کریم جناب فیضمآب قاضی ابراہیم صاحب وملا نور الدین در مطبع حبیبی طبع شد

قطعہ تاریخ طبع از طبع زاد شیخ عبد القادر ولد شیخ محی الدین

بقلم فیض محمد تخلص وفا بن سید محمد کابلی

بارک اللہ چھپی خوب کتاب دلکش	کہتے ہیں دیکھ جسے جن و بشر صل علی
سر گردن کو وفا قطع کرا جا سکے	نسخہ حجۃ الاسلام چھپا ہی اچھا

-:RULES:-

The book must be returned on the date stamped above.

A fine of Re 1/- per volume per day shall be charged for tex-tbooks and 10 P. per vol. per day for general books kept overdue.